# کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ

## شاندار نیلام عام برائے ٹھیکہ جات (مالی سال 27-2026)

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتاہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ اپنی حدود میں مالی سال برائے 27-2026 کے لئے مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات بورڈ کے منظور شدہ شرح کے مطابق وصولی کے حقوق کا نیلام عام مورخہ 29 جون 2026 بوقت 11:00 بجے بمقام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ منوڑ ہ میں منعقدکرے گا۔ مذکورہ نیلامی مقررہ تاریخ یا وقت پر نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ مورخہ 30 جون 2026 کو مقررہ وقت پر دفتر ھذا میں منعقد ہوگی۔

| نمبرشمار: | تفصیل ٹھیکہ جات: | سیکورٹی/ زرضمانت (قابل واپسی) (.Rs) |
|---|---|---|
| 1۔ | منوڑہ ٹول بیریئر (سی سائیڈ/ سول جیٹی) | 2,500,000 |
| 2۔ | سوزوکی پک اپ (سول جیٹی تا منوڑہ بیچ فرنٹ پارک) | 2,000,000 |
| 3۔ | سپی/ جیلی فش اور سی فوڈ (collect) کرنا اور باہر فروخت کرنا | 400,000 |
| 4۔ | اسکریپ (اولڈٹین ڈبہ، پلاسٹک، لوہا، ریپرز وغیرہ) | 350,000 |
| 5۔ | اونٹ گھوڑا (سینڈز پٹ ساحل تا منوڑہ ساحل سمندر) | 300,000 |
| 6۔ | سینڈزپٹ روڈ واش رومز اور انٹرٹینمنٹ فیس | 250,000 |
| 7۔ | پاؤں دھلائی اور جوتے جمع کرنا (سینڈز پٹ ساحل تا منوڑہ ساحل سمندر) | 200,000 |

## نیلامی کے چند شرائط و ضوابط

(۱) نیلامی کا آغاز سرکاری بولی سے کیاجائے گا جس کا موقع پر اعلان کیا جائے گا۔

(۲) نیلامی سے ایک دن قبل بولی دہندہ نیلامی میں شمولیت کیلئے رجسٹریشن فارم مبلغ پانچ ہزار روپے کی رسید کیساتھ بمعہ C.N.I.C FBR کا انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ, بینک اکاؤنٹ سرٹیفیکیٹ کی مصدقہ کاپیاں دفتر ھذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

(۳) ہربولی میں حصہ لینے کیلئے خواہشمند حضرات علیحدہ علیحدہ بنک ڈرافٹ /پے آرڈربنام ایگزیکٹو آفیسر کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ بطور ضمانت(قابل واپسی) قبل ازبولی جمع کروانے کے پابندہونگے۔ جوکہ ماسوائے پہلے اور دوسرے نمبرپر آنے والے کامیاب بولی دہندہ کے بولی کےاختتام پر واپس کردیا جائے گا۔سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ اگر بورڈ کے شرائط و ضوابط پر پورا نہیں اترتا تو اسکی جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ ضبط کرلی جائے گی اور بورڈ دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو ٹھیکہ آفر کرےگا جو کہ اپنی بولی کے تحت ٹھیکہ لینے کا پابند ہوگا، اگر وہ بھی بورڈ کے شرائط و ضوابط پر پورا نہیں اترتا تو اسکی بھی جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ ضبط کرلی جائےگی۔ اس صورت میں ٹھیکہ/ ٹھیکہ جات کا دوبارہ نیلام عام کیا جائے گا اور بورڈ کے نادہندگان کو ٹھیکہ جات میں شمولیت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

(۴) کامیاب بولی دہندگان بولی کے اختتام پر چوبیں گھنٹوں کے اندر بولی کا 25% فیصد بذریعہ ڈیمانڈ ڈرافٹ/پے آرڈر اور بولی دہندہ کے اپنے نام کے اکاؤنٹ / کمپنی کے ماہانہ قسطوں کے ایڈوانس چیکس کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر منوڑہ کینٹ کے نام جمع کروانے کے پابند ہونگےاور اس سلسلے میں کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا بصورت دیگرجمع شدہ زرضمانت/زربیعانہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ ضبط کرلیا جائے گا اور بولی دہندہ کسی بھی قانونی کارروائی کا مجاز نہ ہوگا۔

(۵) کوئی بھی ایسا شخص یا ادارہ جو کسی بھی صورت میں کینٹ بورڈز / سرکاری ادارہ کے نا دہندہ ہونگے بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے اور بولی میں حصہ لینے سے قبل کسی بھی کینٹ بورڈ / سرکاری ادارہ کا نادہندہ ہونے کا ایک عدد حلف نامہ جمع کرائے گا۔

(٦) بولی دہندگان بذات خود یا اپنے رجسٹرڈ قانونی مختارنامہ کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

(٧) کامیاب بولی دہندگان ٹھیکہ جات بورڈ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی ماہانہ قسط ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ہر صورت میں جمع کروانے کے پابند ہونگے اور بولی کی کل رقم کے 12 ایڈوانس چیکس جمع کروانے کے پابندہونگے۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں مہینے کی10 تاریخ کے بعد ٹھیکہ منسوخ کیا جاسکتا ہے اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس کا تمام حرج و خرچ ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا -

(٨) کامیاب بولی دہندگان گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق انکم ٹیکس اور دیگر ٹیکسز ادا کرنے کے پابند ہونگے۔

(٩) کامیاب بولی دہندگان بورڈ / مجاز اتھارٹی کی منظوری کے سات (7) یوم کے اندر اسٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کے پابند ہونگے۔

(١٠) بولی دہندگان کو کینٹونمنٹ بورڈ کے دیگر انتظامی امور میں کسی قسم کی مداخلت کی اجازت نہیں ہوگی۔

(١١) بولی دہندگان کا اس نیلامی کے حوالے سے کسی بھی نوعیت کا براہ راست یا بالواسطہ مفاداتی تصادم نہیں ہونا چاہیے۔کوئی بھی ایسا بولی دہندہ جس کا نیلامی کے انعقاد،نگرانی یا منظوری میں شامل کسی افسر / اہلکار کے ساتھ مالی، ذاتی یا کسی اورنوعیت کا تعلق موجود ہو، جو نیلامی کے نتائج پر اثر انداز ہوسکتا ہو، نااہل قرار دیا جائے گا۔ مزید براں، تمام بولی دہندگان پر ملی بھگت، دھوکہ دہی، غیر منصفانہ یا مسابقت مخالف سرگرمیوں، بشمول بولی میں گٹھ جوڑ یا قیمتوں کے تعین میں باہمی سازباز میں ملوث ہونے پر سخت پابندی عائد ہوگی۔ کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ منوڑہ کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بولی مسترد یا منسوخ کر دے، زرضمانت بحق سرکار ضبط کرلے، اور پبلک پروکیورمنٹ ریگولراتھارٹی کے قواعد برائے خریداری عامہ 2004 اور قابل اطلاق قانونی کارروائی عمل میں لائے۔

(١٢) کامیاب بولی دہندگان کرایہ / فیس کینٹ بورڈ منوڑہ کے منظور شدہ ریٹس پر وصول کرنے کے پابند ہونگے، کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اس کے علاوہ خلاف ورزی کرنے والے کی تمام جمع شدہ رقم / سیکیورٹی بحق کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ ضبط کرلی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(١٣) زیر دستخطی/ کینٹونمنٹ بورڈ کا اختیار محفوظ ہے کہ وہ بغیر وجہ بیان کیے کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرسکتاہے۔

(١٤) کوئی بھی ایسا شخص یا اس کا پارٹنر کمپنی/ادارہ جو کینٹونمنٹ بورڈ منوڑہ کے خلاف مقدمہ بازی میں ملوث ہو وہ بولی میں شریک ہونے کا اہل نہیں ہے۔

(١٥) اشتہار پیپرا (www.ppra.org.pk) اور کینٹ بورڈ منوڑہ (www.manora.cantonment.gov.pk) کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

مزیدشرائط و ضوابط کی معلومات کے لئے دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ منوڑہ سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

المشتہر

ایگزیکٹیو آفیسر
کنٹونمنٹ بورڈ منوڑہ